**07/02/2025**

**12.30 pm**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے**

**لیفٹننٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایک مضبوط اور وکست بھارت بنانے کیلئے متحد ہو کر کام کریں۔ بین ریاستی تجرباتی پہل کے تحت جمو ں کا دورہ کرنے والے شمال مشرقی ریاستوں کے نوجوانوں سے بات کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ طلباءکے ایسے دوروں سے ،ایک بھارت شریشٹھ بھارت کا نظریہ پورا ہونے کے ساتھ ساتھ کثرت میں وحدت جیسے اقدار کو سمجھنے میں بھی مدد ملتی ہے ۔**

**وزیراعلیٰ عمر عبداللہ**

**وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ زمینی سطح پر عوام کے ساتھ جُڑے رہنے کے لئے عوامی نمائندوں سے فیڈ بیک کا حصول از حد ضروری ہے ۔ وہ اسمبلی میں بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے سلسلے میں مختلف اضلاع کے ارکان اسمبلی اور ضلع ترقیاتی کونسلوں کے چیر پرسنوں سے بات چیت کر رہے تھے ۔**

**اس دوران عمر عبداللہ نے یہ یقین دہانی کرائی کہ سرکار ایک شمولیاتی اور عوام دوست بجٹ تشکیل دے گی ۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں عوامی نمائندوں کے منصوبوں اور ان کی تجاویز پر سنجیدہ غور کیا جائے گا ۔**

**راجوری**

**ضلع انتظامیہ راجوری کی طرف سے تشکیل دی گئی ٹیموں نے بڈہال گاو**

---

ں سے اب تک گھاس پھوس اور کیڑے مار ادویات نیز مختلف قسم کی کھادوں کے پانچ سو 29 ؔ نمونے جانچ کے لئے حاصل کئے ہیں ۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ نمونوں کے لئے 257 دکانداروں کو چنا گیا ہے ۔ اِن نمونوں کو جانچ کے لئے بھیجا جا رہا ہے اور توقع ہے کہ ان کے نتائج سامنے آنے کے بعد پُر اثرار بیماری سے متاثرہ علاقے میں ہونے والی اموات کا کوئی سراغ سامنے آئے گا ۔

RBI

کی RBI بھارتیہ ریزرو بنک نے قریب پانچ برس میں پہلی بار شرح سود میں کمی کی ہے ۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی کی میٹنگ میں پالیسی شرح کو 25 بیسز پوائنٹس کی کمی کرنے کا متفقہ فیصلہ لیا گیا ہے ۔

ریزرو بنک نے پالیسی ریپوریٹ کو موجودہ چھ اعشاریہ پانچ سے گھٹا کر اسے چھ اعشاریہ دو پانچ کرنے کا اعلان کیا ہے ۔ اس سے پہلے مئی 2020 میں اس طرح کی کمی کی گئی تھی ۔

رسم رونمائی

موضوع سے " Hearts and Heroes: Lives that Shaped us "وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک شعری مجموعے کی رسم رونمائی انجام دی ۔ یہ کتاب کل بھوشن کمار نامی ایک JKAS آفیسر کی تصنیف ہے ، جو فی الوقت ڈیزاسٹر منیجمنٹ کے محکمے میں ڈائریکٹر فائنانس کے عہدے پر ہیں ۔

وزیراعلیٰ نے مذکورہ آفیسر کو دفتری ذمہ داریوں اور ادبی شوق و ذوق میں توازن بنائے رکھنے پر مبارک باد پیش کی ۔

شانت مانو

محکمہ اعلیٰ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شانت مانو نے کشمیر یونیورسٹی کا دورہ کر کے وہاں وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان اور ادارے کے دیگر سینئر افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

میٹنگ میں یونیورسٹی کے مختلف شعبوں اور اکائیوں کے کام کاج کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ۔ اس دوران ادارے میں جاری تحقیق و تدریس کے عمل اور طالب علموں کے لئے دستیاب مختلف طرح کی سہولیات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ۔

ڈاکٹر عبدالکبیر ڈار

محکمہ انتظامی اصلاحات میں سیکریٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر عبدالکبیر ڈار کی قیادت میں جموں کشمیر کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے اتر پردیش کے گریٹر نوائڈا میں منعقدہ پرنٹ پیک انڈیا 2025 میں شرکت کی ۔

ڈاکٹر عبدالکبیر نے بتایا کہ اس پروگرام میں شامل ہونے سے ان کی ٹیم اشاعت اور پیکیجنگ کے شعبے میں آئی جدیدیت اور اختراعیت سے مانوس ہو گئے ہیں ۔

ڈپٹی کمشنرز

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے کوآپریٹیوز سے متعلق بین الاقوامی سال یعنی 2025 کے لئے مختلف سرگرمیوں کے ایک کیلنڈر کو منظوری دی ہے ۔ متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں انہوں نے محکمہ امدادِ باہمی کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں تعمیر و ترقی کے جاری عمل کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو مختلف سیکٹروں کے ترقیاتی کاموں کو وقت رہتے مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے عوامی شکایات کے ازالے سے متعلق ایک پروگرام کی صدارت کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ ضلع انتظامیہ تیز تر ترقی اور عوام پر مرکوز حکمرانی فراہم کرنے کے لئے عہد بستہ ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ